حیسکو پریس ریلیز مورخہ 29 ستمبر 2020

حیسکو انتظامیہ کی جانب سے حیسکو چیف محمد یعقوب کا بجلی چور مافیا اور ٹرانسفارمروں کی مرمت یا تبدیلی کے لیئے پیسے لینے والے عناصروں کے خلاف سخت ایکشن لینے اور انکو کیفر کردار تک پہنچانے کا عندیہ۔عوام اس حوالے سے مصدقہ اطلاعات دیں تو ان عناصر کا خاتمہ کیا جاسکے گا۔اگر کسی بھی علاقے میں پرائیویٹ کوئی بندہ یا حیسکو کا عملہ ٹرانسفارمر کی مرمت یا تبدیلی کے لیئے پیسے مانگے تو انکو پیسے ہرگز نہ دیں بلکہ ہمیں فوری طور پر آگاہ کریں۔حیسکو چیف محمد یعقوب کی عوام سے اپیل

☆حیسکو انتظامیہ کی جانب سے حیسکو چیف محمد یعقوب کا بجلی چور مافیا اور ٹرانسفارمروں کی مرمت یا تبدیلی کے لیئے پیسے لینے والے عناصروں کے خلاف سخت ایکشن لینے اور انکو کیفر کردار تک پہنچانے کا عندیہ دیا عوام اس حوالے سے مصدقہ اطلاعات دیں تو ان عناصر کا خاتمہ کیا جاسکے گا۔حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب نے کہا کہ حیسکو ریجن کے تمام آپریشن سب ڈویژن کے علاقوں میں خراب یا جلنے والے ٹرانسفارمروں کی تبدیلی کا کام حیسکو انتظامیہ خود اپنے طرف سے کر رہی ہے۔اور کسی بھی صارف یا عوام سے حیسکو انتظامیہ ٹرانسفارمر کی تبدیلی کے پیسے نہیں لیتی۔ماسوائے اس صارف کے جس کا اپنا الگ سے ٹرانسفارمر ہے۔وہ خود ٹرانسفارمر کی مرمت یا تبدیلی کی رقم ادا کریگا اور حیسکو انتظامیہ اسکو تکنیکی سہولت اسٹاف کی دیتا ہے۔بجلی چور مافیا کے چند عناصر حیسکو کو بدنام کرنے کے لیئے ابھی بھی عوام سے ٹرانسفارمر کی مرمت یا تبدیلی کے لیئے چندہ کے نام پر پیسے لے کر انکو لوٹ رہے ہیں۔اب ان عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے حیسکو چیف محمد یعقوب نے عوام سے اپیل کی ہے کہ اگر کسی بھی علاقے میں پرائیویٹ کوئی بندہ یا حیسکو کا عملہ ٹرانسفارمر کی مرمت یا تبدیلی کے لیئے پیسے مانگے تو انکو پیسے ہرگز نہ دیں بلکہ ہمیں فوری طور پر آگاہ کریں۔تاکہ ان کالی بھیڑوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جاسکے۔حیسکو چیف محمد یعقوب نے یہ بھی ہدایات دی ہیں کہ اگر اس حرکت میں حیسکو کا کوئی بھی ملازم ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف فوری قانون کے مطابق ایکشن لیتے ہوئے اسکو نوکری سے فارغ کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹراسفارمر کی خرابی کی صورت میں حیسکو انتظامیہ کی جانب سے حیسکو کا عملہ خود ہی اس کو تبدیل کرتا ہے۔اور عوام کسی بھی شخص کو اس مد میں پیسے نہ دے۔اور جو بھی پیسے دینے یا لینے میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف حیسکو قانونی کارروائی کریگا۔حیسکو کو بدنام کرنے والے پرائیویٹ عناصر یا حیسکو کا عملہ اگر اس حرکت میں ملوث پایا گیا تو سخت سزا انکا مقدر ہو گا۔